ووَٹ ڈالنا آسان ہے۔

یہاں دیا گیا ہےکہ جب آپ 2024ء کے صوبائی الیکشن میں ووٹنگ کی جگہ پر وَوٹ دیں گے تو کیا ہوگا۔

1 کوئی انتخابی ورکر آپ سے آپ کے نام اور پتےکے ثبوت والی شناخت دیکھنےکیلئےکہےگی/گا۔ اگر آپ کے پاس آئی ڈی نہ ہوئی توکسی جاننے والے وَوٹرکی توثیق ایک آپشن ہو سکتی ہے۔

2 تہہ کیا ہوا بَیلیٹ لیں جو آپ کو دیا جائےگا اور پرائیویسی کیلئے وَوٹنگ اسکرین کے پیچھے چلے جائیں۔



3 بَیلیٹ کی تہہ کو کھول لیں۔کسی ایک اُمیدوارکے نام کے آگے X کا نِشان لگا دیں۔ اگر آپ سے غلطی ہو جائے، تو انتخابی ورکر سے نیا بَیلیٹ مانگ لیں۔



4 وَوٹ دینےکے بعد، اپنے بَیلیٹ کو دوبارہ تہہ کر دیں۔ اپنے انتخاب کو خُفیہ رکھیں۔کسی کو نہ دکھائیں کہ آپ نےکس کو وَوٹ دیا ہے۔ اپنے بَیلیٹ کی تصویر نہ لیں، اور اسے انٹرنیٹ پر شیئر نہ کریں۔

5 کوئی انتخابی ورکر آپ کو وہ ڈبّہ دکھائےگا جس میں آپ نے اپنا بَیلیٹ ڈالنا ہے۔

اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو، توکسی انتخابی ورکر سے پوچھیں۔ اگر ضرورت ہو تو محدب عدسے، ایل ای ڈی لائٹس، اور بیلیٹ ٹیمپلیٹس دستیاب ہیں۔ اگر آپ کو بیلیٹ پڑھنے میں مدد کی ضرورت ہو، تو آپ اپنی موبائل ڈیوائس استعمال کر سکتے ہیں۔

Elections SK | SK 2024 VOTES

1.877.958.8683 | elections.sk.ca

آپکا وَوٹ شمار ہوتا ہے۔

Urdu